**[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

A

BILL

*to prevent food waste, promote food donation, and ensure sustainable use of resources*

**WHEREAS,** it is expedient to prohibit the wasteful destruction of edible food, encourage its donation to those in need, reduce environmental degradation caused by food waste, and align with principles of resource conservation and social justice;

**AND WHEREAS,** food waste contributes to food insecurity, environmental pollution, and economic loss, and it is necessary to establish a comprehensive legal framework for its prevention and to deal with ancillary matters.

It is hereby enacted as follows:

**1. Short title, extent, and commencement.**– (1) This Bill may be called the ICT Prevention of Food Waste Bill, 2025.

(2) It extends to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force on such date as the Division Concerned may, by Notification in the official Gazette, appoint.

**2. Definitions.**– (1) In this Bill, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(a) **"Authority"** means the ICT Food Authority established under Islamabad Capital Territory Food Safety Act, 2021 (Act No. L of 2021);

(b) **"charity organization"** means any entity established for religious, educational, charitable, or welfare purposes, and registered under any law for the time being in force;

(c) **"Division Concerned"** means the Division to which business of this Act stands allocated;

(d) **"edible food"** means safe food under the Islamabad Capital Territory Food Safety Act, 2021 (Act No. L of 2021) and complies

with relevant expiry or use-by date standards as may be prescribed;

(e) "**food waste**" means any edible food that is discarded or destroyed instead of being consumed or repurposed;

(f) "**prescribed**" means prescribed by rules made under this Act;

(g) "**restaurant**" means as defined in the Pakistan Hotels and Restaurants Act, 1976 (Act LXXXI of 1976);

(h) "**rules**" means rules made under this Act; and

(i) "**unsuitable food**" means food that is no longer fit for human consumption but may be used for animal feed or composting.

(2) Words or expressions used but not defined under this Act shall have the same meaning as assigned thereto in the Islamabad Capital Territory Food Safety Act, 2021 (Act No. L of 2021).

**3. Prohibition on destruction of edible food.–** No food operator shall destroy, discard, or render inedible any unsold edible food that is fit for human consumption.

**4. Food waste prevention.–** Every food operator shall in respect of unsold or surplus food:

(i) donate edible food to charity organizations for human consumption;

(iii) use unsuitable food for animal feed; and

(iii) dispose of waste in an environmentally sound manner, as may be prescribed by rules.

**5. Obligation to donate unsold food.–** (1) Every food operator shall enter into a formal agreement with at least one charity organization licensed or registered for the donation of unsold edible food.

(2) Such agreements shall specify the frequency, quantity, and logistics of donations, ensuring compliance with food safety standards under Islamabad Capital Territory Food Safety Act, 2021 (Act No. L of 2021).

(3) Food operators shall maintain records of donations, in such manner as may be prescribed, and make them available for inspection by the Authority.

(4) Mass catering services and food industries shall publicly disclose their annual commitments and achievements in reducing food waste, in such manner as may be prescribed.

**6. Food Safety, Labeling, and Liability.–** (1) Donated food shall comply with food safety regulations, including proper labeling of "best before" and "use by" dates.

(2) Charity organizations receiving donations shall not be responsible for any harm arising from the consumption of donated food:

Provided that such donated food is handled in accordance with standard safety practices.

(3) Food operators shall not be liable for donated food once it is transferred to a charity organization in good faith.

**7. Penalties.–** (1) Any food operator who fails to comply with section 3 shall be punishable with a fine which may extend to three hundred thousand rupees.

(2) Any food operator who contravenes section 4, or fails to comply with section 5 shall be punishable with a fine which may extend to five hundred thousand rupees, for the first offense.

(3) For subsequent offenses, the business license or registration of food operator shall be suspended for up to six months.

**8. Helpline.–** (1) The Authority shall establish a dedicated 24-hour helpline for receiving complaints regarding any contravention of the provisions of this Act.

**9. Power to Make Rules.–** Within six months of commencement of this Act, Division Concerned shall, by notification in the official Gazette and subject to previous publication, make rules for carrying out the purposes of this Act.

**10. Act not in derogation of any other law.–** Nothing in this Act shall be construed to derogate from or conflict with the provisions of the Islamabad Capital Territory Food Safety Act, 2021 (Act No. L of 2021).

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Food waste is a growing challenge that contributes to food insecurity, environmental degradation, and economic loss. According to United Nations Environment Programme's Food Waste Index 2024 report, per capita food waste in Pakistan is as high as 212 kgs per person per year, the highest in the world.

The absence of a legal obligation to manage surplus food responsibly has led to missed opportunities for redistribution to vulnerable populations and sustainable use of resources. This Bill seeks to prohibit the destruction of edible food, mandate donations to registered charity organizations, and establish a clear framework for managing food surplus.

The Bill also aims to promote a culture of food conservation and accountability among food operators, in alignment with Islamabad Capital Territory Food Safety Act, 2021. By institutionalizing food donation and responsible disposal, the Bill supports the broader goals of social protection, public health, and environmental sustainability.

SD/-
**MS. SEHAR KAMRAN**
Members, national assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# غذائی ضیاع کی روک تھام، غذائی عطیات کے فروغ اور وسائل کے دیرپا استعمال کو یقینی بنانے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قابل خورد غذا کے غیر ضروری ضیاع کو روکا جائے، ضرورت مندوں کو اسکے عطیات کی حوصلہ افزائی کی جائے، غذائی ضیاع سے پیدا ہونے والے ماحولیاتی انحطاط میں کمی لائی جائے، اور اسے وسائل کے تحفظ و سماجی انصاف کے اصولوں سے ہم آہنگ کیا جائے؛

اور چونکہ غذائی ضیاع، غذائی عدم تحفظ، ماحولیاتی آلودگی اور معاشی نقصان کا باعث بنتا ہے، اس لیے اس کے تدارک اور متعلقہ معاملات سے نمٹنے کے لیے ایک جامع قانونی ڈھانچہ تشکیل دینا ضروری ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

1۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔** (1) یہ بل علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں غذائی ضیاع کی روک تھام بل، 2025ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(2) یہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد پر وسعت پذیر ہوگا۔

(3) یہ اس تاریخ سے نافذ العمل ہوگا جو متعلقہ ڈویژن سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے مقرر کرے۔

2۔ **تعریفات۔** (1) بل ہذا میں، تاوقتیکہ متن یا سیاق و سباق سے کچھ اور ظاہر ہو۔

(الف) ''اتھارٹی'' سے مراد علاقہ دارالحکومت اسلام آباد غذائی تحفظ ایکٹ، 2021ء (ایکٹ نمبر 50 بابت 2021ء) کے تحت قائم کردہ فوڈ اتھارٹی علاقہ دارالحکومت اسلام آباد ہے؛

(ب) ''فلاحی تنظیم'' سے مراد کوئی بھی ادارہ ہے جو مذہبی، تعلیمی، خیراتی یا فلاحی مقاصد کے لئے قائم کیا گیا ہو اور جو کسی بھی مروجہ قانون کے تحت رجسٹرڈ ہو؛

(ج) ''متعلقہ ڈویژن'' سے مراد وہ ڈویژن ہے جسے ایکٹ ہذا کے انصرام کار تفویض کیے گئے ہوں؛

(د) ''قابل خورد غذا'' سے مراد علاقہ دارالحکومت اسلام آباد غذائی تحفظ ایکٹ، 2021ء (ایکٹ نمبر 50 بابت 2021ء) کے تحت محفوظ غذا ہے، اور جو مقررہ معیاری مدت استعمال کے اندر ہو۔

(ہ) "کھانے کا ضیاع" سے مراد کوئی بھی ایسا خوردنی کھانا ہے جسے استعمال میں لانے یا دوبارہ قابل استعمال بنانے کے بجائے ضائع یا تلف کر دیا جائے؛

(و) "مقرر کردہ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد کے ذریعے مقرر کردہ ہے؛

(ز) "ریستوران" سے مراد وہ ہے جیسا کہ پاکستان ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس ایکٹ، 1976ء (ایکٹ نمبر 81 بابت 1976ء) میں تعریف کی گئی ہے؛

(ح) "قواعد" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد ہیں؛ اور

(ط) "غیر موزوں کھانا" سے مراد وہ کھانا ہے جو اب انسانی استعمال کے قابل نہ رہا ہو لیکن جانوروں کی خوراک یا کھاد بنانے کے لیے استعمال ہو سکتا ہو۔

2۔ اس ایکٹ میں استعمال ہونے والے ایسے الفاظ یا اصطلاحات جن کی تعریف نہیں کی گئی ہے، ان کا وہی مطلب ہوگا جو علاقہ دارالحکومت اسلام آباد فوڈ سیفٹی ایکٹ، 2021ء (ایکٹ نمبر 50 بابت 2021ء) میں ان کو تفویض کیا گیا ہے۔

3۔ **خوردنی کھانے کو تلف کرنے پر پابندی۔** کوئی بھی فوڈ آپریٹر کسی بھی فروخت نہ ہونے والے خوردنی کھانے کو جو انسانی استعمال کے قابل ہو، تلف، ضائع، یا نا قابل خوردن نہیں بنائے گا۔

4۔ **کھانے کے ضیاع کی روک تھام۔** ہر فوڈ آپریٹر فروخت نہ ہونے والے یا اضافی کھانے کے سلسلے میں:

(i) قابل خوردن کھانا رفاہی تنظیموں کو انسانی استعمال کے لیے عطیہ کیا جائے؛

(ii) غیر موزوں کھانا جانوروں کی خوراک کے لیے استعمال کیا جائے؛ اور

(iii) فضلے کو ماحول دوست طریقے سے ٹھکانے لگایا جائے، جیسا کہ قواعد کے ذریعے مقرر کیا جاسکتا ہے۔

5۔ **فروخت نہ ہونے والا کھانا عطیہ کرنے کی ذمہ داری۔** (1) ہر فوڈ آپریٹر فروخت نہ ہونے والا قابل خوردن کھانا عطیہ کرنے کے لیے کم از کم ایک لائسنس یافتہ یا رجسٹرڈ رفاہی تنظیم کے ساتھ باقاعدہ معاہدہ کرے گا۔

(2) ایسے معاہدوں میں عطیات کی تعداد (frequency)، مقدار، اور ترسیل (logistics) کی وضاحت ہوگی، جو علاقہ دارالحکومت اسلام آباد غذائی تحفظ ایکٹ، 2021 (ایکٹ نمبر 50 بابت 2021) کے تحت غذائی تحفظ کے معیارات کی تعمیل کو یقینی بنائے گا۔

(3) فوڈ آپریٹرز عطیات کا ریکارڈ اس طریقے سے برقرار رکھیں گے جو مقرر کیا جائے، اور انہیں اتھارٹی کے معائنے کے لیے دستیاب کریں گے۔

(4) بڑے پیمانے پر کیٹرنگ خدمات فراہم کنندگان اور فوڈ انڈسٹریز کھانے کے ضیاع کو کم کرنے کے لیے اپنے سالانہ عزائم اور کامیابیوں کو مجوزہ طریقہ کار کے تحت عوامی طور پر افشاں کریں گی۔

6۔ **غذائی تحفظ، لیبلنگ اور ذمہ داری۔** (1) عطیہ کیا گیا کھانا غذائی تحفظ کے ضوابط، بشمول "ان کے زائد المیعاد ہونے سے قبل" اور "استعمال کی تاریخ" کی مناسب لیبلنگ کیساتھ تعمیل کرے گا۔

(2) عطیات وصول کرنے والی فلاحی تنظیمیں عطیہ کردہ کھانے کے استعمال سے پیدا ہونے والے کسی بھی نقصان کی ذمہ دار نہیں ہوں گی:

بشرطیکہ ایسے عطیہ کردہ کھانے کو معیاری حفاظتی طریقوں کے مطابق سنبھالا گیا ہو۔

(3) فوڈ آپریٹرز نیک نیتی سے فلاحی تنظیم کو کھانا منتقل کرنے کے بعد اس عطیہ کردہ کھانے کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

7۔ **سزائیں۔** (1) کوئی بھی فوڈ آپریٹر جو دفعہ 3 کی تعمیل میں ناکام رہتا ہے، اسے جرمانے کی سزا دی جائے گی جو تین لاکھ روپے تک ہو سکتی ہے۔

(2) کوئی بھی فوڈ آپریٹر جو دفعہ 4 کی خلاف ورزی کرتا ہے، یا دفعہ 5 کی تعمیل میں ناکام رہتا ہے، اسے پہلی بار جرم پر پانچ لاکھ روپے تک جرمانے کی سزا دی جائے گی۔

(3) بعد میں خلاف ورزیوں کی صورت میں، فوڈ آپریٹر کا بزنس لائسنس یا رجسٹریشن چھ ماہ تک کے لیے معطل کر دی جائے گی۔

8۔ **ہیلپ لائن۔** (1) اتھارٹی اس ایکٹ کی دفعات کی کسی بھی خلاف ورزی سے متعلق شکایات موصول کرنے کے لیے ایک 24 گھنٹے کی خصوصی ہیلپ لائن قائم کرے گی۔

9۔ **قواعد بنانے کا اختیار۔** اس ایکٹ کے نفاذ کے چھ ماہ کے اندر، متعلقہ ڈویژن، سرکاری گزٹ میں ایک اعلامیہ کے ذریعے اور گزشتہ اشاعت سے مشروط، اس ایکٹ کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے قواعد بنائے گی۔

10۔ **ایکٹ کا کسی دوسرے قانون سے متصادم نہ ہونا۔** اس ایکٹ میں کوئی بھی بات علاقہ دارالحکومت اسلام آباد غذائی تحفظ ایکٹ، 2021ء (ایکٹ نمبر 50 بابت 2021ء) کی دفعات سے متصادم یا ان کی تنسیخ کرنے والی تصور نہیں کی جائے گی۔

## بیان اغراض ووجوہ

کھانے کا ضیاع ایک بڑھتا ہوا چیلنج ہے جو غذائی عدم تحفظ، ماحولیاتی بگاڑ اور معاشی نقصان کا باعث ہے۔ اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کے فوڈ ویسٹ انڈیکس 2024 کی رپورٹ کے مطابق، پاکستان میں فی کس کھانے کا ضیاع 212 کلو گرام فی کس سالانہ ہے، جو دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔

اضافی کھانے کو ذمہ داری سے سنبھالنے کے لیے قانونی ذمہ داری کی عدم موجودگی نے کمزور آبادیوں تک باز تقسیم اور وسائل کے پائیدار استعمال کے مواقعوں کو ضائع کیا ہے۔ یہ بل خوردنی کھانے کی تلفی پر پابندی عائد کرنے، صرف رجسٹرڈ فلاحی تنظیموں کو ہی عطیات کی ادائیگی لازمی قرار دینا اور اضافی کھانے کو سنبھالنے کے لیے ایک واضح فریم ورک قائم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

اس بل کا مقصد علاقہ دارالحکومت اسلام آباد غذائی تحفظ ایکٹ، 2021 کے مطابق، فوڈ آپریٹرز کے درمیان کھانے کے تحفظ اور جوابدہی کے رجحان کو فروغ دینا بھی ہے۔ کھانے کے عطیہ اور ذمہ دارانہ طور پر ٹھکانے لگائے جانے کے عمل کو ادارہ جاتی شکل دے کر، یہ بل سماجی تحفظ، صحت عامہ اور ماحولیاتی پائیداری کے وسیع تر اہداف کی حمایت کرتا ہے۔

دستخط/-

محترمہ سحر کامران

اراکین، قومی اسمبلی